*(Translation)*

# THE HYDERABAD COURT FEES ACT.

No. VI of 1324 Fasli.

*Sections.*

Preamble .

## CHAPTER I.

## PRELIMINARY.

1. Short title, extent and commencement.

2. Repeal.

## CHAPTER II.

## COURT FEES.

3. Court Fees.

# قانون رسوم عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۶) بابتہ ۱۳۲۴ ف

دفعہ

تمہید۔

## باب اول

## مراتب ابتدائی۔

۱ مختصر نام۔ وسعت مقامی و تاریخ نفاذ۔

۲ تنسیخ۔

## باب دوم

## رسوم عدالت۔

۳ رسوم عدالت۔

| | |
|---|---|
| 4. Computation of fees payable in certain suits. | ۴ بعض مقدمات میں رسوم واجب الادا کی تعداد کا تعین۔ |
| 5. Fee on memorandum of appeal against order relating to compensation for land acquired. | ۵ رسوم بابتہ عرضی مرافعہ بنا راضی حکم معاوضہ متعلق حصول اراضی۔ |
| 6. Power of Court to ascertain net profit or market value. | ۶ اختیار عدالت بابتہ تحقیقات منافع خالص یا قیمت بازار۔ |
| 7. Procedure when net profit or market value wrongly estimated. | ۷ کارروائی جب کہ منافع خالص یا قیمت بازار کے تعین میں غلطی واقع ہوئی ہو۔ |
| 8. Procedure in suits for mesne profits and account, when amount decreed exceeds amount claimed. | ۸ کارروائی بہ مقدمات زر واصلات و بقایائے حساب جب کہ تعداد زر ڈگری شدہ تعداد مدعی بہا سے زیادہ ہو۔ |
| 9. Decision of questions relating to fee. | ۹ فیصلہ امور متعلقہ رسوم۔ |

10. Refund of fee paid on memorandum of appeal.

11. Refund of fee on review.

12. Refund of fee where Court reverses or modifies its former decision.

13. Suits having multifarious Causes of action.

14. Written deposition of complainants.

15. Exemptions.

## CHAPTER III.

## COURT–FEE ON PROBATE AND LETTERS OF ADMINISTRATION.

16. Procedure where court-fee is over paid.



۱۰ واپسی رسوم عرضی مرافعہ۔

۱۱ واپسی رسوم بحالت تجویز ثانی۔

۱۲ رسوم کی واپسی جب عدالت فیصلہ سابقہ کی تنسیخ یا ترمیم کرے۔

۱۳ مقدمات مشتمل بر متعدد بناہائے دعویٰ۔

۱۴ تحریری اظہار مستغیث۔

۱۵ مستثنیات۔

## باب سوم

## رسوم صداقت نامہ نفاذ وصیت و اہتمام ترکہ۔

۱۶ طریقہ کارروائی جب کہ زیادہ رسوم داخل کی گئی ہو۔

17. Procedure where debt due from deceased person has been paid out of his estate.

۱۷ طریقہ کارروائی جب کہ قرضہ کسی شخص متوفی اُس کی جائداد سے ادا کیا گیا ہو۔

18. Subsequent grants exempt from fee.

۱۸ دوبارہ عطاء پر رسوم کی معافی۔

19. Validity of probate of property held by deceased in trust or by title.

۱۹ جواز صداقت نامہ متعلق جائداد جس کا متوفی بطور امین قابض یا مستحق رہا ہو۔

20. Procedure where less court-fee has been paid on probate.

۲۰ طریقہ کارروائی جب صداقت نامہ پر کم رسوم ادا کی گئی ہو۔

21. Administrator to give security.

۲۱ مہتمم ترکہ سے ضمانت۔

22. Penalty for non-payment of proper court fee.

۲۲ سزا جو پوری رسوم ادا نہ کئے جانے کی صورت میں ہو سکتی ہے۔

23. Notice of application to be given to Taluqdar, and procedure thereon.

۲۳ درخواست کے متعلق تعلقدار کو اطلاع اور اس کی بنا پر کارروائی۔

24. Payment of court-fee in respect of probate or letters of administration.

۲۴ ادائی رسوم بابتہ صداقتنامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ۔

25. Recovery of penalties etc.

۲۵ وصول تاوان وغیرہ۔

26. Sections 3 and 33 not to apply to probates and letters of administration.

۲۶ دفعات ۳ و ۳۳ نفاذ وصیت و اہتمام ترکہ سے متعلق نہ ہوں گی۔

## CHAPTER IV.

## باب چہارم

### PROCESS-FEES.

### رسوم حکمنامہ جات۔

27. Power to make rules.

۲۷ اختیارات ترتیب قواعد۔

28. Table of fees to be conspicuously exposed to view.

۲۸ تختۂ رسوم کا منظر عام پر آویزاں ہونا۔

29. Number of peons to be fixed.

۲۹ نوجوانوں کی تعداد کا مقرر کرنا۔

## CHAPTER V.

## باب پنجم

### MODE OF LEVYING FEES.

### طریقہ وصول رسوم۔

30. Collection of fees by stamps.

۳۰ وصول رسوم بذریعہ اسٹامپ۔

31. Stamps to be impressed or adhesive.

۳۱ اسٹامپ کاغذ پر ثبت یا منقوش ہوگا۔

32. Rules for the supply of stamps etc.

۳۲ قواعد درباب بہم رسانی اسٹامپ وغیرہ۔

33. Making up deficit of stamps on documents inadvertantly or by mistake filed in Court.

۳۳ تکملۂ اسٹامپ اُن دستاویزات پر جو سہواً یا غلطی سے داخل عدالت ہوئی ہوں۔

34. Amended document.

۳۴ دستاویز مرممہ۔

35. Making stamp unserviceable.

۳۵ اسٹامپ کو ناقابل استعمال کرنا۔

36. Plaint not chargeable to fresh court-fee.

۳۶ عرضی دعویٰ جس پر جدید اسٹامپ کی ضرورت نہ ہوگی۔

## CHAPTER VI.

## MISCELLANEOUS.

## باب ششم

## متفرق۔

37. Admission in criminal cases of documents not bearing proper stamp.

۳۷ مقدمات فوجداری میں ان دستاویزات کا ادخال جن پر کامل رسوم نہ ثبت ہو۔

38. Sale of stamps.

39. Power of Government to reduce court fee.

40. Power to make rules.

—:o:—

Schedule 1. Advalorem fees.

Table of fees relating to article 1, schedule 1 to the Court Fees Act.

Schedule 2. Fixed fees.

Schedule 3. See section 24.

---



دفعہ

۳۸ فروخت اسٹامپ ۔

۳۹ اختیار سرکار عالی درباب کمی وغیرہ رسوم عدالت ۔

۴۰ قواعد مرتب کرنے کا اختیار ۔

—(-:o:-)—

ضمیمہ نمبر (۱) رسوم بلحاظ مالیت ۔

تختہ رسوم متعلقہ مد ا ضمیمہ نمبر (۱) قانون رسوم عدالت ۔

ضمیمہ نمبر (۲) رسوم معینہ ۔

ضمیمہ نمبر (۳) ملاحظہ ہو دفعہ ۲۴ ۔

قانون رسوم عدالت نشان ۶ سنه ۱۳۲۴ ف

( *Translation* )

# THE HYDERABAD COURT FEES ACT.

No. VI of 1324 Fasli.

(*Received the assent of H. E. H. the Nizam on the 26th Aban, 1324 F.*)

Preamble. Whereas it is expedient to consolidate and amend the law relating to Court Fees ; It is hereby enacted as follows:–

## CHAPTER I.

## PRELIMINARY.

Short title, extent and commencement. 1. This Act may be called The Hyderabad Court Fees Act, and shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's

# قانون

# رسوم عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۶) بابتہ ۱۳۲۴ف

(درپیشگاہ اعلیحضرت قدرقدرت بندگانعالی متعالی مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲۶ آبان ۱۳۲۴ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ قانون متعلقہ رسوم عدالت مجتمع اور ترمیم کیا جاے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

## باب اول

## مراتب ابتدائی۔

مختصر نام و وسعت مقامی و تاریخ نفاذ۔ دفعہ ۱ یہ قانون

Dominions from 1st Khurdad, 1325 Fasli.

بنام "قانون رسوم عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا۔ اور یکم خورداد ۱۳۲۵ ف سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

Repeal.

2. On the commencement of this Act, the Hyderabad Court Fees Act No. IV of 1307 Fasli and all orders and circulars relating to court fees shall be repealed.

تنسیخ — دفعہ ۲ — تاریخ نفاذ قانون ہذا سے قانون رسوم عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۴) ۱۳۰۷ ف اور جملہ احکام و گشتیات متعلقہ رسوم عدالت منسوخ ہوں گے۔

## CHAPTER II.

## باب دوم

## COURT FEES.

## رسوم عدالت۔

Court fees.

3. No document chargeable with fees under the first or second schedule to this Act, shall be filed, received or furnished, unless in respect of such document there be paid a fee of an amount not less than that prescribed therefor in the first or second schedule.

رسوم عدالت — دفعہ ۳ — کوئی دستاویز جو حسب ضمیمہ نمبر (۱) و (۲) قانون ہذا قابل اخذ رسوم ہو پیش یا قبول نہ ہوگی اور نہ دی جاسکے گی بجز اس کے کہ اس کی بابتہ وہ رسوم ادا کی جائے جو اس تعداد سے کم نہ ہو جو اس کے لئے ضمیمہ نمبر (۱) و (۲) میں مقرر ہے۔

Computation of fees payable in certain suits.

4. The amount of fee payable under this Act in the suits specified below shall be computed as follows:–

دفعہ ۴ - تعداد بعض مقدمات میں رسوم واجب الادا کی تعداد کا تعین ۔

اس رسوم کی جو قانون ہذا کے بموجب مقدمات مصرحہ ذیل میں واجب الادا ہے حسب تفصیل ذیل مشخص ہوگی:-

(1) In suits for money (including suits for damages or compensation, or arrears of maintenance, of annuities, or of other sums payable at fixed times) – according to the amount claimed ;

(۱) بمقدمات زر نقد (جن میں ہرجہ یا معاوضہ یا ایسی بقایا کے مقدمات داخل ہیں جو نان ونفقہ یا زر سالانہ یا اور ایسی رقوم کی بابت ہوں جو باوقات معینہ واجب الادا ہوں) بموجب تعداد متدعویہ ۔

(2) In suits for maintenance or annuities or other sums payable at fixed times – according to the value of of the subject matter of the suit; and such value shall be taken to be ten times the amount claimed to be payable for one year ;

(۲) بمقدمات نان ونفقہ یا زر سالانہ یا دیگر رقوم جو باوقات معینہ واجب الادا ہوں ۔

بموجب مالیت مدعی بہا کے اور وہ مالیت بقدر دہ چند اُس تعداد کے محسوب ہوگی جس کا ایک سال کی بابت دعویٰ ہو ۔

(3) In suits for movable property (other than money–suits) the value of which can be determined by the market value, according to the market-value on the date of filing the suits ;

(۳) بمقدمات جائداد منقولہ (باستثنائے مقدمات زر نقد) جس کی مالیت کا تعین نرخ بازار سے ہو سکتا ہو ۔

(4) In suits—

(a) for movable property, where the value of the property in dispute cannot be determined by the market value, (as, for instance, document relating to title);

(b) for enforcement of a right to share in joint family-property;

(c) to obtain a declaratory decree or order, where consequential relief is prayed for;

(d) to obtain an injunction;

(e) for a right to some benefit from land not herein otherwise provided for;

(f) for accounts—
according to the amount at which the relief is valued in the plaint or memorandum of appeal. *[In all such suits, the plaintiff *shall state the amount at which he values the relief sought.]

*Substit uted by Act No. XIII of 1954.



بموجب نرخ بازار جو بتاریخ ارجاع نالش ہو۔

(۴) بمقدمات:-

(الف) جائداد منقولہ جبکہ شئے متنازعہ کی مالیت کا تعین نرخ بازار سے نہ ہوسکتا ہو۔ (مثلاً دستاویز متعلق حقیت)۔

(ب) نفاذ حق حصہ جائداد خاندان مشترکہ۔

(ج) حصول ڈگری یا حکم استقرار حق جب کہ حق رسی مستلزمہ کی استدعا کی جائے۔

(د) حصول حکم امتناعی۔

(ھ) حق منفعت اراضی جس کا ذکر قانون ہذا میں کسی اور طرح پر نہ کیا گیا ہو۔

(و) حساب فہمی۔ بلحاظ اس مالیت کے جو عرضی دعویٰ یا عرضی مرافعہ میں دادرسی

کی قرار دی گئی ہو ۔

*[ In all such suits the plaintiff shall state the amount at which he values the relief sought.]

(5) In suits for the possession of land, house and garden-according to the value of the property in dispute.

(۵) بہ مقدمات قبضہ اراضی و مکان و باغ۔
جائداد متنازعہ کی مالیت کے لحاظ سے ۔

and such value shall be determined as follows :—

اور ایسی مالیت حسب طریقہ ذیل مشخص ہوگی :

Where the property in dispute is land,

جب جائداد متنازعہ اراضی ہو۔ تو

(a) where revenue is fixed on the land *[twenty] times the annual revenue;

(الف) اگر اراضی ایسی ہو جس کے
لئے مالگزاری مقرر ہو
**[ Twenty ]
گونہ سالانہ مالگزاری ۔

*Amended by Regulation No. XXXI of 1358 F.

*Substituted by Act No. XIII of 1954.

** Amended by Regulation No. XXXI of 1358 F.

(*Translation*)

(b) where the land is an Inam or Makhta or jagir-fifteen times the net profits during the year next before the filing of the suit; and where there have been no net profits in the year-according to the value at which the Court may estimate similar land in the neighbourhood;

(ب) اگر اراضی انعام یا مقطعہ یا جاگیر ہو۔ سال ماقبل دعویٰ کے منافع خالص کا (۱۵) گونہ اور اگر سال ماقبل میں منافع خالص نہ ہوا ہو تو بہ لحاظ اُس مالیت کے جو اُس قسم کی قرب وجوار کی اراضی کی عدالت معین کرے۔

(c) where the land carries no revenue – according to the market value.

(ج) اگر اراضی پر کچھ مالگزاری نہ ہو۔ قیمت بازار کے لحاظ سے۔

Where the property in dispute is a house or garden – according to the market value;

جب جائداد متنازعہ مکان یا باغ ہو۔ قیمت بازار کے لحاظ سے۔

(6) In suits for a right of pre-emption – according to the value of the property computed in accordance with clause (5);

(۶) مقدمات حق شفعہ۔ جائداد مشفوعہ کی اس مالیت کے لحاظ سے جو حسب ضمن (۵) قرار دی گئی ہے۔

(7) In suits—

(۷) مقدمات۔

(a) on mortgage against a mortgagee for the recovery of the property mortgaged; or

(الف) رہن جو مرتہن کے مقابلہ میں جائداد مرہونہ کی بازیافت کے لئے رجوع ہوں۔ یا

(b) on mortgage by a mortgagee to foreclose the mortgage, or

(ب) رہن جو مرتہن کی جانب سے معیادت کے لئے رجوع ہوں یا

*(Translation)*

(c) on mortgage by conditional sale, to have the sale declared absolute; according to ths principal money as specified in this.

(8) In suits for specific performance—

(a) for performance of a contract of sale-according to the consideration ;

(b) for performance of a contract of mortgage – according to the amount agreed to be secured ;

(c) for performance of a contract of lease – according to the aggregate amount of the "Nazrana" or "Peshkash", (if any) and of the rent or lease-money agreed to be paid for the first year ;

(d) for carrying out an award by arbitration – according to the amount or value of the property in dispute.

(9) In suits—



(ج) رہن بیع بالوفا اس غرض سے کہ بیع قطعی قرار دی جائے زر اصل کے لحاظ سے جس کی صراحت رہن نامہ میں ہو۔

(۸) بہ مقدمات تعمیل مخصص۔

(الف) - بابتہ تکمیل معاہدہ بیع - زر ثمن کے لحاظ سے۔

(ب) بابتہ تکمیل معاہدہ رہن - اُس رقم کے لحاظ سے جس کی بابت کفالت کی قرار داد ہو۔

(ج) بابتہ تکمیل معاہدہ پٹہ - اُس مجموعی رقم کے لحاظ سے جو بطور نذرانہ یا پیشکش (اگر کچھ ہو) اور پہلے سال کے لگان یا کرایہ کی بابتہ قرار دی گئی ہو۔

(د) بابتہ تکمیل فیصلہ ثالثی - جائداد متنازعہ کی تعداد یا مالیت کے لحاظ سے۔

(۹) مقدمات ذیل:-

(*Translation*)

(a) for the delivery, by a tenant, of the deed of Khbuliath ;

(b) to enhance or abate the rent, lease-money or pan ;

(c) for the delivery, by a landlord of a lease ;

(d) for the recovery, of immovable property from an asami or tenant, including an asami or tenant holding over after the determination of a lease or tenancy ;

(e) to recover the occupancy of immovable property from which a tenant has been illegally ejected ;

according to the amount of the lease, pan or rent of the immovable property, payable for the year immediately preceding the date of presenting the plaint.

*Explanation* :— The word "Asami" includes a "Shikmidar".

Fee on memorandum of appeal against order relating to compensation for land acquired.

5. In cases of compensation for land under the Land Acquisition Act, the amount of fee payable on a memorandum of appeal against an order relating to compensation, shall be computed according to the difference between the amount stated in the award and the amount claimed.



(الف) آسامی سے قبولیت دلاپانے کے متعلق ۔

(ب) کرایہ یا لگان یا پن میں اضافہ یا تخفیف کے متعلق ۔

(ج) زمیندار سے پٹہ دلاپانے کے متعلق ۔

(د) بابت بازیافت جائداد غیر منقولہ آسامی یا کرایہ دار سے جس میں ایسی آسامی یا کرایہ دار بھی داخل ہے جو بعد ختم مدت پٹہ یا کرایہ جائداد پر قابض رہے ۔

(ہ) بابت دخلیابی اس جائداد غیر منقولہ کے جس سے آسامی بطور ناجائز بیدخل کی گئی ہو ۔ اس لگان یا پن یا کرایہ کے لحاظ سے جو اس جائداد غیر منقولہ کے متعلق عرضی دعوی پیش کرنے کے عین سال ماقبل کی بابت واجب ہو ۔

توضیح ۔ لفظ آسامی میں شکمیدار بھی داخل ہے ۔

رسوم بابت عرضی مرافعہ بنارا ضی حکم معاوضہ متعلق حصول اراضی ۔

دفعہ ۵ ۔ مقدمات معاوضہ اراضی بموجب قانون حصول اراضی عرضی مرافعہ پر جو بنارا ضی حکم معاوضہ پیش ہو رسوم کا تعین اس تفاوت کے لحاظ سے ہوگا جو مابین تعداد مندرجہ حکم اور تعداد متدعویہ ہو ۔

**Power of Court to ascertain net profit or market value.**

6. If the Court has reason to think that the annual net profit or the market value of any land, house or garden mentioned in clauses (5) and (6) of section 4, has been wrongly estimated, the Court may, for the purpose of computing the fee payable, issue a Commission to any person who is suitable, directing him to make such local or other investigation as may be necessary, and to report thereon to the Court.

**اختیار عدالت بابتہ تحقیقات منافع خالص یا قیمت بازار۔**

دفعہ ۶۔ اگر عدالت کو اس امر کے خیال کرنے کی وجہ ہو کہ کسی اراضی یا مکان یا باغ متذکرہ دفعہ (۴) ضمن (۵ و ۶) کے سالانہ منافع خالص یا قیمت بازار کے تخمینہ میں غلطی ہوئی ہے تو بغرض تعین رسوم واجب الاخذ عدالت کو اختیار ہوگا کہ کسی ایسے شخص کے نام جو اہل ہو کمیشن بدیں حکم جاری کرے کہ وہ تحقیقات موقع یا اور قسم کی تحقیقات جو ضروری ہو عمل میں لاکر اس کی کیفیت عدالت میں پیش کرے۔

**Procedure when net profit or market value wrongly estimated.**

7. (1) If on submission of a report under section 6, the Court is of the opinion that the annual net profit or market value has been wrongly estimated and the fee has been levied in excess the court may direct the refund of the fee levied in excess, and if the fee has been insufficiently levied, the recovery of the amount by which the fee in the opinion of the Court, is deficient.

**کارروائی جبکہ منافع خالص یا قیمت بازار کے تعین میں غلطی واقع ہوئی ہو۔**

دفعہ ۷ (۱) جب دفعہ ۶ کیفیت پیش ہونے پر اگر عدالت کی یہ رائے ہو کہ سالانہ منافع خالص یا قیمت بازار کے تعین میں غلطی ہوئی ہے اور رسوم زیادہ لی گئی ہے تو عدالت کو اختیار ہوگا کہ جو رسوم زائد ادا کی گئی ہو اس کی واپسی کا حکم دے اور اگر رسوم کم لی گئی ہے تو جس قدر رسوم کہ عدالت کی دانست میں کم لی گئی ہو اس کی تکمیل کیلئے حکم دے۔

(2) Where a deficiency in the

(۲) جب رسوم کی تکمیل کا حکم دیا جائے

amount of the fee is ordered to be supplied, the proceeding on the plaint or the memorandum of appeal shall be stayed until the additional fee is paid; and if the additional fee is not paid within such time as the Court may from time to time fix, the suit shall be dismissed.

Procedure in suits for mesne profits and account, when amount decreed exceeds amount claimed.

8. (1) In suits for mesne profits, or for immovable property and mesne profits, or for an account, if the amount decreed is in excess of the amount on which the fee has been paid, the decree shall not be executed until an additional fee on the excess amount shall have been paid.

*[ (2) If the amount of mesne profits is left to be ascertained in the

*Amended by Act No. II of 1335 Fasli.



تو عرضی دعویٰ یا عرضی مرافعہ کے متعلق کارروائی ملتوی رہے گی تا وقتیکہ رسوم کی تکمیل نہ کی جائے۔ اور اگر رسوم کی تکمیل اُس مدت کے اندر نہ کی جائے جو عدالت نے وقتاً فوقتاً مقرر کی ہو تو مقدمہ خارج کیا جائے گا۔

کارروائی بمقدمات زر واصلات وتقایائے حساب جب کہ تعداد زر ڈگری شدہ تعداد مدعی بہا سے زیادہ ہو۔

دفعہ ۸۔ (۱) ایسے مقدمات میں جو زر واصلات یا جائداد غیر منقولہ و زر واصلات یا تفہیم حساب کے متعلق ہوں اگر رقم ڈگری شدہ کی تعداد اُس رقم سے زائد ہو جس کی بابت رسوم ادا کی گئی ہو تو تا وقتیکہ اُس زیادہ رقم کی بابت رسوم کی تکمیل نہ کی جائے ڈگری کی تعمیل نہ کی جائے گی۔

[ (۲)۔ اگر زر واصلات کا تعین اجرائی ڈگری پر منحصر رکھا گیا ہو اور اس کی بابت کوئی

ﮯ۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۲ سنہ ۱۳۳۵ف

execution of the decree and no fee is paid therefor or if the profits so ascertained exceed the amount of mesne profits on which the fee has been paid, further execution of the decree shall be stayed until the fee is paid. If the fee payable is not paid within such time as the Court may from time to time fix, the suit shall be dismissed.]

رسوم نہ ادا کی گئی ہو یا اُس کی تعداد اس رقم واصلات سے زیادہ قرار پائے جس کی بابت رسوم ادا کی گئی ہو تو تعمیل ڈگری کی مزید کارروائی نہ کی جائے گی تا وقتیکہ رسوم واجب الادا ادا نہ کی جائے اور اگر رسوم واجب الادا اُس مدت کے اندر ادا نہ کی جائے جو عدالت میں وقتاً فوقتاً مقرر کی ہو تو مقدمہ خارج کیا جائے گا ۔]

Decision of questions relating to fee.

9. (1) All questions relating to valuation for the amount of fee chargeable under this Act on a plaint or memorandum of appeal, shall be decided by the Court in which the plaint or memorandum of appeal is filed and the decision of the Court shall be final as between the parties.

فیصلہ امور متعلقہ رسوم ۔ | دفعہ ۹ ۔ (۱)

عرضی دعویٰ یا عرضی مرافعہ پر جو رسوم حسب قانون ہذا واجب الادا ہو اُس کی بابت تعین مالیت کے تمام امور کا تصفیہ وہ عدالت کرے گی جس میں عرضی دعویٰ یا عرضی مرافعہ پیش کی گئی ہو اور اُس عدالت کا فیصلہ بین الفریقین قطعی ہوگا ۔

(2) But where any such suit is filed in a Court of appeal, reference or revision, if it appears to such Court that the decision of the subordinate Court is wrong and the fee is thereby reduced, the Court shall order the deficiency in fee to be supplied; and in such cases, the procedure laid down in sub-section (2) of section 7, shall be followed.

(۲) ۔ لیکن جس صورت میں کوئی ایسا مقدمہ کسی عدالت مرافعہ یا عدالت استصواب یا نگرانی کے روبرو پیش ہو اور اس عدالت کو معلوم ہو کہ عدالت ماتحت کی تجویز غلط اور اس سے رسوم میں کمی واقع ہوئی ہے تو عدالت اس

رسوم کی تکمیل کے لئے حکم دے گی اور ایسی صورت میں کارروائی مطابق احکام مندرجہ دفعہ (۷) ضمن (۲) ہوگی۔

**Refund of fee paid on memorandum of appeal.**

10. If a plaint or memorandum of appeal which has been rejected by a lower Court on any ground mentioned in the Hyderabad Code of Civil Procedure, is ordered by the Appellate Court to be entertained, or if a suit is remanded on any ground mentioned in section 587 of the Hyderabad Code of Civil Procedure the Appellate Court shall grant to the appellant a certificatc to receive back from the Taluqdar the amount of fee paid on the memorandum of appeal:

**واپسی رسوم عرضی مرافعہ۔** دفعہ ۱۰۔ جب کہ عرضی دعویٰ یا عرضی مرافعہ بر بنائے کسی وجہ مندرجہ ضابطہ دیوانی کسی عدالت تحت سے نامنظور ہو اور عدالت مرافعہ سے اس کے نمبر پر لئے جانے کا حکم ہو یا کسی وجہ مندرجہ دفعہ ۵۸۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی بنا پر مقدمہ تکمیل کے لئے واپس کیا جائے تو عدالت مرافعہ مرافع کو اس مضمون کا صداقتنامہ عطا کرے گی کہ جو رسوم عرضی مرافعہ پر ادا کی گئی ہے وہ تعلقدار سے وصول کرے۔

Provided that, if in the case of a remand in appeal the order of remand of the case is not in respect of the whole of the property in dispute, the appellant shall not be granted a certificate to receive back more than so

مگر شرط یہ ہے کہ درصورت واپسی مقدمہ بصیغہ مرافعہ اگر حکم واپسی مقدمہ نسبت کل جائداد متنازعہ نہ ہو تو مرافع کو اس قدر رسوم سے زیادہ واپس لینے کا صداقتنامہ نہ دیا جائے گا جو اس حصہ یا حصص جائداد

much fee as would have been originally payable on the part or parts of such property in dispute in respect whereof the suit has been remanded.

متنازعہ کی بابت جس کی نسبت مقدمہ واپس کیا گیا ہے۔ ابتداً واجب الادا ہوتی ۔

Refund of fee on review.

11. Where an application for a review is presented beyond the time-limit prescribed by the Limitation Act, and the delay was not caused by the applicant's laches, the Court may, in its discretion, grant him a certificate to receive back from the Taluqdar so much of the fee paid on the application as exceeds the fee which would have been payable had the application been presented within the aforesaid time.

واپسی رسوم بحالت تجویز ثانی۔ | دفعہ ۱۱۔

جب درخواست تجویز ثانی میعاد مقررۂ قانون میعاد سماعت کے بعد پیش ہو اور درخواست گزار کے تساہل سے ایسی تاخیر نہ ہوئی ہو تو عدالت اپنے صوابدید کے موافق اس کو اس مضمون کا صداقت نامہ عطا کر سکے گی کہ جس قدر رسوم اس نے اُس تعداد سے زیادہ ادا کی ہو جو میعاد مذکور کے اندر درخواست پیش ہونے کی صورت میں واجب الادا ہوتی تو وہ تعلقدار سے واپس وصول کر سکتا ہے ۔

Refund of fee where Court reverses or modifies its former decision.

12. Where on an application for a review of judgment, the Court reverses or modifies its former decision on the ground of a mistake in law or fact, the applicant shall be entitled to a certificate from the Court to the effect that he can receive back from the Taluqdar so much of the fee paid on the application for review as exceeds the fee payable on an application to such Court under item (1) of the second schedule to this Act:

رسوم کی واپسی جب عدالت فیصلہ سابقہ کی تنسیخ یا ترمیم کرے۔ | دفعہ ۱۲۔

جب درخواست تجویز ثانی کی بنا پر عدالت اپنے فیصلہ سابقہ کو کسی سقم قانونی یا واقعاتی کی بنا پر منسوخ یا ترمیم کرے تو درخواست گزار عدالت سے اُس مضمون کا صداقت نامہ پانے کا مستحق

ہوگا کہ جس قدر رسوم اس نے درخواست تجویز
ثانی کی بابتہ اس رسوم سے زائد ادا کی
ہے جو درخواست موسومہ عدالت مذکور کے
لئے بموجب مد (۱) ضمیمہ (۲) قانون ہذا
واجب الادا ہے ۔ اس قدر رسوم وہ متعلقہ امر
سے واپس وصول کر سکتا ہے ۔

Provided that nothing in this section shall entitle the applicant to such certificate where there versal or modification of a former decision is due wholly or in part to production of fresh evidence, which might have been produced at the original hearing.

لیکن دفعہ ہذا کی کسی عبارت کی رو سے
درخواست گزار ایسے صداقتنامہ کا مستحق نہ ہوگا
جب کہ فیصلہ سابقہ کی تنسیخ یا ترمیم کلاً یا جزواً اس
وجہ سے ہوئی ہو کہ ایسی شہادت جدید جو بوقت
سماعت اول مقدمہ پیش ہو سکتی تھی تجویز ثانی
میں پیش ہوئی ہے ۔

Suits having multifarious causes of action.

**13.** Where a suit embraces multifarious causes of action, the plaint or memorandum of appeal shall be chargeable with the aggregate of the amount of fees chargeable under this Act on a separate plaint or memorandum of appeal for each cause of action :

Provided that nothing in this section shall be to effect the power conferred deemed on the Court by section 35 of the Hyderabad Code of Civil Procedure.

دفعہ ۱۳ ۔ مقدمات مشتمل بر متعدد بنا ہائے دعویٰ ۔
جب کسی مقدمہ میں متعدد بنا ہائے دعویٰ مشتمل
ہوں تو عرضی دعویٰ یا عرضی مرافعہ پر رسوم مطابق
اس مجموعی تعداد کے محسوب ہوگی جو ہر بنائے
دعویٰ کی بابتہ جداگانہ عرضی دعویٰ یا عرضی
مرافعہ پر حسب قانون ہذا واجب الادا

14. Where complaint is made of an offence of wrongful confinement or of wrongful restraint, or of any other non-cognizable offence and the complainant has not presented a petition of complaint on which a court fee has been paid, a fee of *[ one rupee] shall be levied on the first deposition of the complainant unless the Court remits such fee.

Written deposition of complainants.

15. No fee shall be charged on the following documents :—

Exemptions.

(1) Written statement or such statement in writing as is required to be filed by order of a Court.

*Amended by Regulation No. XXXI of 1358 F.



لیکن دفعہ ہذا کی کوئی عبارت اُس اختیار پر موثر نہ ہوگی جو عدالت کو از روئے دفعہ (۳۵) مجموعہ ضابطہ دیوانی حاصل ہے۔

تحریری اظہار مستغیث — دفعہ ۱۴ —

جب جرم حبس بیجا یا مزاحمت بیجا یا کسی اور جرم ناقابل دست اندازی کوتوالی کا استغاثہ پیش ہو اور مستغیث نے کوئی عرضی استغاثہ پیش نہ کی ہو جس پر رسوم عدالت ادا کی گئی ہو تو مستغیث کے اظہار پر جو اول مرتبہ لیا جائے *One rupee رسوم لی جائے گی۔ بجز اس کے کہ عدالت ایسی رسوم معاف کرے۔

مستثنیات — دفعہ ۱۵ — دستاویزات ذیل پر رسوم واجب الاخذ نہ ہوگی۔

(۱) جواب دعویٰ یا ایسا بیان تحریری

*Amended by Regulation No. XXXI of 1358.F.

(2) Application presented before the final confirmation of settlement to a Settlement or Revenue officer regarding any matter connected with the assessment of land-revenue, or the ascertainment of rights to land or interests therein;

(3) Application presented for supply of water for irrigation ;

(4) Application relating to land which has been leased out ;

(5) Application for relinquishment of land.

*[ (6) Application relating to jama bandi presented to a Revenue officer before or after Jama bandi;

---

*Amended by Act No. III of 1351 F.



جس کے داخل کرنے کا عدالت نے حکم دیا ہو۔

(۲) ۔ درخواست جو بندوبست کی قطعی منظوری کے قبل کسی امر متعلق تشخیص مالگزاری یا تحقیق حقوق یا مرافق متعلقہ اراضی کے نسبت کسی عہدہ دار محکمہ بندوبست یا مالگزاری کے روبرو پیش ہو۔

(۳) ۔ درخواست جو پانی دیئے جانے کے متعلق پیش ہو۔

(۴) ۔ درخواست بغرض لاونی اراضی۔

(۵) ۔ درخواست برائے دستبرداری اراضی ۔

[(۶) ۔ درخواست جو عہدہ دار مال کے پاس قبل جمعبندی یا بعد جمعبندی بہ تعلق جمعبندی کی

---

۵ ۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۵۱ ف

*(7) Application for copy of an an order of jama bandi;

(8) Copy of an order of jama bandi;

(9) Application for appeal, revision and review presented against an order of jama bandi;

(10) Miscellaneous applications presented in connection with appeal, revision and review already filed against an order of jama bandi; ]

(11) First application (other than a petition containing a charge or information of an offence) for summoning witnesses or other persons either to give evidence or to produce a document, or in respect of the production of an exhibit not being an affidavit made for the purpose of being immediately produced in Court ;]

*Amended by Act No. III of 1351 Fasli.

پیش کیا ہو۔

؎(۷) ۔ درخواست جو تجویز جمعبندی کی نقل کے لئے پیش ہو۔

؎(۸) ۔ نقل تجویز جمعبندی۔

(۹) ۔ درخواست مرافعہ نگرانی و نظر ثانی جو بناراضی تجویز جمعبندی پیش کیا ہو۔

؎(۱۰) ۔ درخواست ہائے متفرق جو ان درخواست ہائے مرافعہ نگرانی و نظر ثانی کے ضمن میں پیش ہوں جو بناراضی تجویز جمعبندی دائر ہو چکے ہوں ]

(۱۱) ۔ درخواست اول (باستثنائے اس درخواست کے جس میں کسی جرم کا الزام عائد کیا گیا ہو یا کسی جرم کی اطلاع ہو) بابت طلبی گواہان یا دیگر اشخاص بہ غرض ادائی شہادت یا پیش کرنے کسی دستاویز کے یا درخواست اول جو کسی ایسے اکزابٹ کی پیشی کے متعلق کی جائے جو ایسا حلف نامہ نہ ہو جو عدالت

؎ ۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۵۱ ف

میں فوری داخل کئے جانے کی غرض سے ہو۔

(12) Bail-bond or recognizance filed in Criminal Court ;

(۱۲) ۔ ضمانت نامہ یا مچلکہ جو عدالت فوجداری میں داخل ہو۔

(13) Application, charge or information respecting any offence when presented to a Police officer or Patel ;

(۱۳) ۔ درخواست یا بیان الزام یا مخبری جو کسی جرم کے متعلق کسی عہدہ دار کوتوالی یا پٹیل کے روبرو پیش ہو۔

(14) Petition by a prisoner or any person in custody ;

(۱۴) ۔ درخواست قیدی یا اُس شخص کی جو زیر حراست ہو۔

(15) Every petition by an accused person relating to the charges against him ;

(۱۵) ۔ ہر درخواست ملزم کی جو الزام منسوبہ کے متعلق ہو۔

(16) Application for permission to cut timber in forest belonging to Government or any other application relating to such forests ;

(۱۶) سرکاری جنگل سے قطع چوبینہ کی اجازت کے لئے کوئی درخواست یا ایسے جنگل کے متعلق کوئی اور درخواست۔

(17) Complaint by Government servants (as defined in the Hyderabad

(۱۷) ۔ شکایات منجانب ملازمین سرکاری

Penal Code) or by servants of Municipality, Local Fund or Railway;

(جن کی تعریف مجموعہ تعزیرات ممالک محروسہ سرکار عالی میں کی گئی ہے) و ملازمین صفائی و لوکل فنڈ وریلو سے۔

(18) Application for money due by Government to the applicant;

(۱۸) ۔ درخواست اس رقم کے لئے جو سرکار عالی سے درخواست گزار کو یافتنی ہو۔

(19) Application for compensation presented under the Hyderabad Land Acquisition Act;

(۱۹) ۔ درخواست معاوضہ کی جو بموجب قانون حصول اراضی ممالک محروسہ سرکار عالی پیش ہو۔

(20) Copies furnished to a prisoner, detainee or an accused;

(۲۰) ۔ نقول جو کسی قیدی یا محبوس یا ملزم کو دی جائیں۔

(21) Power of attorney by an employee of the Hyderabad State Forces;

(۲۱) ۔ مختارنامہ منجانب ملازم فوج سرکار عالی۔

(22) Every application relating to matters connected with service;

(۲۲) ۔ امور متعلقہ ملازمت کی نسبت ہر درخواست۔

(23) Copies of orders relating to matter specified in clause (22) and application for the return of copies;

(۲۳) ۔ نقول احکام متعلقہ ضمن (۲۲)

واپسی نقول کی درخواست ۔

(24) Miscellaneous applications presented by Public Prosecutors and copies of documents, which may be required by them ;

(۲۴) ۔ درخواستہائے متفرقہ جو پیرو کاران [سرکار عالی] کی طرف سے پیش ہوں اور نیز نقول کاغذات جو ان کو مطلوب ہوں ۔

(25) Copies required by *[Government] officers in the discharge of their duties, and applications made for such copies ;

(۲۵) ۔ نقول جو عہدہ داران [سرکار عالی] کو اپنے فرائض منصبی کے انجام دہی میں مطلوب ہوں اور درخواستیں جو ایسے نقول کے لیے کی جائیں ۔

(26) Certified copies obtained purely for private use ;

(۲۶) ۔ نقول مصدقہ جو محض خانگی استعمال کے لئے لی جائیں ۔

(27) Applications by Baluthadars for the grant of Baluthas ;

(۲۷) درخواست بلوتہ داران واسطے ملنے بلوتہ کے ۔

(28) Application for the refund of the value of stamps, or for their renewal or replacement ;

(۲۸) ۔ درخواست بابتہ واپسی قیمت یا تجدید یا تبدیل اسٹامپ ۔

*Amended by Act No. III of 1308 Fasli.

* ۔ ترمیم بموجب قانون نشان ۳ سنہ ۱۳۰۸ف

(*Translation*)

(29) Application by a person for the return of documents filed by him ;

(۲۹) ۔ درخواست بابتہ واپسی دستاویزات منجانب داخل کنندہ۔

(30) Application for copies of settlement records and such copies ;

(۳۰) ۔ درخواست برائے نقول کاغذات بندوبست و نقول مذکورہ۔

(31) Application presented to the Court of Wards ;

(۳۱) ۔ درخواست جو صیغہ کورٹ آف وارڈز میں پیش ہو۔

(32) Applications, for which no fee is prescribed in the second schedule.

(۳۲) ۔ وہ سب درخواستیں جن کے لئے ضمیمہ نمبر (۲) میں کوئی رسوم مقرر نہیں ہے۔

## CHAPTER III.

## باب سوم

### COURT FEE ON PROBATE AND LETTERS OF ADMINISTRATION.

### رسوم صداقتنامہ نفاذ وصیت و اہتمام ترکہ۔

Procedure where court fee is over paid.

16. Where any person while applying for a probate or letters of administration, has estimated the property of the deceased to be of greater value than the same has afterwards proved to be, and has consequently paid too high a court-fee thereon, such person shall within six months

طریقہ کارروائی جب کہ زیادہ رسوم داخل کی گئی ہو۔

دفعہ ۱۶ — جب کوئی شخص بوقت درخواست صداقتنامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ جائداد متوفی کا تخمینہ اس مالیت سے زیادہ کرے جو بعد میں ثابت ہو۔ اور اس نے بدیں وجہ

( *Translation* )

from the date on which the true value of the property has been ascertained, produce the probate or letters of administration to the Taluqdâr, together with an inventory and valuation of the property of the deceased verified by affidavit, and if the Taluqdar is satisfied that a greater fee was paid on such probate or letters of administration than is prescribed by law, he shall —



زیادہ رسوم ادا کی ہو تو وہ شخص جائداد مذکور کی صحیح مالیت تحقیق ہوجانے کی تاریخ سے چھ مہینے کے اندر تعلقدار کے روبرو صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ مع فہرست تفصیلی جائداد متوفی بصراحت تخمینہ مالیت جو حلف سے مصدق ہو پیش کریگا اور جب تعلقدار کو اس امر کا اطمینان ہوجائے کہ صداقتنامہ مذکور کی بابت تعداد معینہ قانون سے زیادہ رسوم ادا کی گئی ہے تو وہ

(a) cancel the stamp on such probate or letters and cause another stamp of the court fee payable, to be substituted therefor ; and

(الف) ۔ صداقت نامہ مذکور کے اسٹامپ کو منسوخ کرکے اس کے بجائے دوسرا اسٹامپ رسوم قیمت واجب الادا کا استعمال کرائے گا۔ اور

(b) either repay in cash at his discretion, the difference in the value of the stamps or deal as in the case of spoiled stamps.

(ب) ۔ اس تفاوت کی بابت جو دونوں اسٹامپ کی قیمت کے درمیان ہو حسب صوابدید اپنے زر نقد ادا کرے گا ۔ یا اس طور پر عمل کریگا جس طرح خراب شدہ اسٹامپ کے متعلق کیا جاتا۔

17. When it is proved before the

طریقہ کارروائی جبکہ قرضہ کسی شخص متوفی اس کی جائداد سے ادا کیا گیا ہو ۔

دفعہ ۱۷ ۔ جب تعلقدار

(*Translation*)

Procedure where debt due from a deceased person has been paid out of his estate.

Taluqdar that an executor or administrator has paid debts due from the deceased to such an amount as, being deducted from the value of the estate, reduces the same to a sum on which the fee; if charged, would amount to less than what has actually been paid, the Taluqdar may return the difference in fee; provided an application is made within three years after the date of the said probate or letters of administration.

But where, by reason of any legal proceeding, the debts due from the deceased have not been ascertained and paid, or his effects and dues have not been recovered and in consequence thereof the executor or administrator is prevented from applying for the return of the aforesaid difference within the said term of three years, the Taluqdar, if satisfied as to this fact, may return the fee within a reasonable time even after the expiration of the aforesaid term.

18. (1) Where a grant of probate



کو ثابت ہو جائے کہ وصی یا مہتمم نے قرضہ ذمگی متوفی اس قدر ادا کر دیا ہے جس کے وضع کرنے کے بعد جائداد کی مالیت اس قدر باقی رہتی ہے کہ اگر اس کے لحاظ سے رسوم ادا کی جاتی تو وہ اس رسوم سے کم ہوتی جو ادا کی گئی ہے تو اس کو اختیار ہوگا کہ بقدر تفاوت رسوم واپس کرے بشرطیکہ تاریخ صداقت نامہ مذکور سے تین سال کے اندر درخواست پیش کی گئی ہو۔ لیکن جب کہ کسی قانونی کارروائی کے سبب سے قرضہ ذمگی متوفی متحقق ہو کر ادا نہ کیا جا سکا ہو یا اس کی جائداد اور رقوم یافتنی وصول نہ ہوئی ہوں اور اسی وجہ سے وصی یا مہتمم تین سال کی مدت متذکرۂ صدر کے اندر تفاوت مذکور کی واپسی کے لئے درخواست کرنے سے متعذر رہا ہو تو تعلقدار مذکور کو اس امر کا اطمینان ہونے کی صورت میں مدت مذکور کے بعد بھی مناسب مدت کے اندر رسوم واپس کرنے کا اختیار ہوگا۔

دفعہ ۱۸ ۔ دوبارہ عطا پر رسوم کی معافی ۔

(۱) جب صداقت نامہ نفاذ وصیت اہتمام

**Subsequent grants exempt from fee.**

or letters or administration has been made in respect of the whole of the estate and the full fee thereon under this Act has been paid, no further fee shall be chargeable for any other probate or letters of administration in respect of the whole or any part of the same estate.

(2) When a grant of probate or letters of administration has been made in respect of any part of an estate, and the fee chargeable under this Act on such part has been paid, the amount of fees so paid shall be deducted from the amount of fee chargeable when the grant of a probate or letters of administration is made in respect of such part or any part in which such part is included.

**Validity of probate of property held by deceased in trust or by title.**

19. The probate or the letters of administration granted in respect of the estate of a deceased person, shall be deemed valid and on its basis the executor or administrator may recover, transfer or assign any moavble



ترکہ کل متروکہ کی بابت عطا کیا گیا ہو اور اس کے لئے کامل رسوم حسب قانون ہذا ادا کردی گئی ہو تو پھر اس متروکہ یا اس کے کسی جزو کی بابت کسی اور صداقتنامہ کے لئے دوبارہ رسوم واجب الادا نہ ہوگی۔

(۲) جب صداقتنامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ متروکہ کے کسی جزو کی بابت عطا کیا گیا ہو اور اس جزو کے لحاظ سے حسب قانون ہذا رسوم ادا کردی گئی ہو تو اس جزو کی بابت یا کسی ایسے جزو کی بابت جس میں وہ جزو داخل ہو صداقتنامہ عطا کرنے کی صورت میں رسوم واجب الادا سے وہ وہ رسوم جو ادا کی جا چکی ہو منہا کی جائے گی۔

**جواز صداقتنامہ متعلق جائداد جس کا متوفی بطور امین قابض یا مستحق رہا ہو۔**

دفعہ ۱۹۔ صداقتنامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ جو متروکہ کی بابت عطا کیا گیا ہو وہ جائز متصور ہوگا اور اس کی بناء پر وصی یا مہتمم ترکہ ایسی جائداد منقولہ

or immovable property whereof or whereto the deceased was possessed or entitled, either wholly or partially as a trustee, notwithstanding the value of such property is not included in the value of the estate, in respect of which a court fee was paid on such probate or letters of administration.

یا غیر منقولہ کی باز یافت یا انتقال یا حوالگی کا کل
کرسکے گا جس کا کہ متوفی کلاً یا جزءً بہ حیثیت
امین قابض اور مستحق رہا ہو گو ایسی جائداد کی
مالیت اس متروکہ کی مالیت میں داخل نہ ہو
جس کی بابت صداقت نامہ کے لئے رسوم
ادا کی گئی ہو ۔

**Procedure where less court fee has been paid on probate.**

20. Where any person, while applying for probate or letters of administration has estimated the estate of the deceased to be of less value than the same has afterwards proved to be, and has, in consequence, paid too low a court fee thereon, the Taluqdar may, on the value of the estate being verified by affidavit, cause the probate or letters of administration to be duly stamped on payment of the full court-fee payable thereon, and of the penalty, if probate or letters is or are produced within one year from the date of the grant, of five times, or, if it or they is

**طریقہ کارروائی جب صداقت نامہ پر کم رسوم ادا کی گئی ہو ۔**

دفعہ ۲۰ ۔ جب کسی شخص نے
صداقت نامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ کے
لئے درخواست کرتے وقت متروکہ کا تخمینہ اس
مالیت سے کم کیا ہو جو بعد ازاں ثابت ہو اور اس
وجہ سے اس کی بابت رسوم کم ادا کی ہو تو تعلقدار
کو اختیار ہوگا کہ جب مالیت متروکہ کی تصدیق
بحلف ہو چکی ہو اور کل رسوم عدالت ادا ہو جائے
جو اس پر واجب الادا تھی اور نیز اس صورت
میں کہ وہ صداقت نامہ عطا ہونے کی تاریخ
سے ایک سال کے اندر پیش کیا جائے تو پنجگونہ
تاوان رسوم واجب کا یا جس صورت میں کہ تاریخ
مذکور سے ایک سال کے بعد پیش کیا جائے تو بست گونہ

(*Translation*)

or are produced after one year from such date, of twenty times, the value of the court fee payable, without any deduction of the court fee originally paid on the probate or letters of administration :

Provided that, if application is made within six months from the date of ascertainment of the true value of the estate and the discovery of the fact that a lower court fee was paid on the probate and the Taluqdar is satisfied that such less fee was paid in consequence of a mistake or, of not knowing, at the time, that a particular property was a part of the estate and without any intention to evade or delay the payment of the fee, the Taluqdar may remit the said penalty and stamp the probate or letters of administration on recovering the deficit of court-fee.

Administrator to give security.

21. Where on letters of administration, too low a court-fee has been paid at first, the Taluqdar shall not cause the letters to be duly stamped until the administrator



تاوان رسوم مذکور کا یا منہائی اُس رسوم کے جو ابتداً اُس صداقت نامہ پر ادا کی گئی ہو داخل کیا جائے تو اس وقت تعلقدار اس صداقت نامہ برحسب ضابطہ اسٹامپ ثبت کرا دے مگر شرط یہ ہے کہ اگر جائداد کی صحیح مالیت متحقق ہونے اور اس امر کی دریافت ہونے کی تاریخ سے کہ صداقت نامہ پر کم رسوم ادا کی گئی تھی چھ مہینے کے اندر درخواست کی جائے اور تعلقدار کو اطمینان ہو کہ ایسی کم رسوم کسی غلطی کے باعث یا اس وجہ سے ادا کی گئی تھی کہ اس وقت اُس کا علم نہ تھا کہ فلاں جائداد متروکہ میں شامل ہے اور رسوم ادا کرنے یا اس کے ادا میں توقف کرنے کی نیت نہ تھی تو تعلقدار کو اختیار ہوگا کہ تاوان مذکور معاف کر دے اور صداقتنامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ کے متعلق اس قدر رسوم وصول کر کے جو کم ادا کی گئی ہو اس کو مکمل کر دے

مہتمم ترکہ سے ضمانت

دفعہ ۲۱ - جب صداقتنامہ اہتمام ترکہ کی بابت رسوم واجب سے کم رسوم ابتداً ادا کی گئی ہو تو تعلقدار کو لازم ہوگا کہ اس صداقتنامہ پر حسب ضابطہ اسٹامپ اس وقت تک ثبت نہ کرائے جب تک کہ

(*Translation*)

has deposited such security in the Court, by which the letters of administration have been granted, as would by law, have been given on the granting thereof, in case the full value of the estate had been ascertained.

Penalty for non-payment of proper court-fee.

22. Where too low a court-fee has been paid on any probate or letters of administration by reason of a mistake or of not knowing at the time, that a particular property was part of the estate, if any executor or administrator acting under such probate or letters of administration does not, within six months after the discovery of the said mistake or ignorance, apply to the Taluqdar and pay such amount as is necessary to make up the court-fee which ought to have been paid at first on such probate or letters, he shall be liable to a penalty of one thousand rupees and shall pay further sum at the rate of ten per cent. on the amount necessary to make up the court-fee.



مہتمم ترکہ اُس عدالت میں جس نے صداقتنامہ اہتمام ترکہ عطا کیا ہو ایسی ضمانت داخل نہ کرے جو متروکہ کی پوری مالیت کے متحقق ہونے کی صورت میں اُس کے عطا کئے جانے پر قانوناً داخل ہوتی ۔

سزا جو پوری رسوم ادا نہ کئے جانے کی صورت میں ہو سکتی ہے

دفعہ ۲۲ ۔ جب کسی صداقتنامہ نفاذ وصیت یا اہتمام ترکہ کی بابتہ بوجہ غلطی یا بہ سبب اُس کے کہ اُس وقت یہ معلوم نہ تھا کہ فلاں جائداد متروکہ ہے رسوم کم ادا کی گئی ہو تو کوئی وصی یا مہتمم ترکہ جو ایسے صداقتنامہ کے بموجب عمل کر سکتا ہو اُس غلطی یا لاعلمی کے دریافت ہونے کی تاریخ سے چھ مہینے کے اندر تعلقدار کے روبرو درخواست پیش نہ کرے اور اس قدر روپیہ ادا نہ کرے جو واسطے تکمیل اُس رسوم کے ضرور ہو جو اُس صداقتنامہ کی بابت ابتداً ادا کرنی چاہئے تھی تو وہ ایک ہزار روپیہ تاوان کا مستوجب ہوگا اور رسوم کی تکمیل کے لئے جس قدر روپیہ کہ ضروری ہو اُس کی تعداد پر بحساب دس روپیہ فی صدی اور بھی اُس کو داخل کرنا ہوگا ۔

23. (1) Where an application for probate or letters of administration is made to a Court, the Court shall cause notice thereof to be given to the Taluqdar.

Notice of application to be given to Taluqdar, and procedure thereon.

(2) The Taluqdar, within the local limits of whose jurisdiction any property of the deceased or any part thereof is situated, may, himself or through any subordinate officer inspect, or take copies of the record of any case in which application for probate or letters of administration has been made; and if, on such inspection or otherwise it appears to the Taluqdar that the applicant has underestimated the value of the property of the deceased, he may require the attendance of the applicant in person or by an agent and take his deposition or may otherwise ascertain the estimate of the value. If after such inquiry the Taluqdar is of opinion that the value of the property has been underestimated, he may require the applicant to amend the valuation.



درخواست کے متعلق تعلقدار کو اطلاع اور اس کی بنا پر کارروائی

